4908-کیا سجدہ تلاوت میں عورت پر پردہ کرنا واجب ہے ؟

سوال

جب عورت قرآن مجید کی تلاوت کر رہی ہو اور سجدہ آجائے تو وہ کیا کرے ، آیا بغیر چادر اوڑھے ہی سجدہ کر لے یا کیا کرے ؟

پسندیدہ جواب

عورت کے لیے بہتر تو یہ ہے کہ جب وہ سجدہ والی آیت تلاوت کرے تو وہ سر پر اوڑھنی لے کر سجدہ کرے ، اور اگر بغیر اوڑھنی کے بھی سجدہ کر لے تو مجھے امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں.

کیونکہ سجدہ تلاوت نماز کے حکم میں نہیں آتا ، بلکہ یہ تو باقی افعال خیر اور ذکر واذکار کی طرح اللہ تعالی کے سامنے عاجزی وانکساری اور اللہ تعالی کے قرب کا حصول ہے .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .